Government of **Western Australia**
**School Curriculum and Standards Authority**

**WACE زبان سیکھنے کے لیے درخواست دینے کا عمل – والدین/سرپرستوں کے لیے معلومات**

تمام طلباء جو WACE لینگویج کورس میں داخلہ لینا چاہتے ہیں *انہیں WACE لینگویج کورس میں داخلہ لینے کی اجازت کے لیے سٹوڈنٹ پورٹل* https://studentportal.scsa.wa.edu.au کے ذریعے اسکول کریکولم اینڈ اسٹینڈرڈز اتھارٹی (اتھارٹی) کو زبان سیکھنے کے لیے درخواست (لینگویج ایپلیکیشن) جمع کروانے کی ضرورت ہے۔

*لینگویج ایپلیکیشن طلباء کی طرف سے اس وقت مکمل کی جاتی ہے جب وہ سال 10* میں ہوتے ہیں۔*

یہ *لینگویج ایپلیکیشن* مکمل کرنے کے لیے، طالب علم کو گھر یا اسکول میں کمپیوٹر استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو لینگویج ٹیچر یا اسکول انتظامیہ سے مدد کے لیے کہیں۔

**مطلوبہ معلومات**

طالب علم کو درج ذیل تفصیلات فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے:

- وہ اسکول جن میں وہ پری پرائمری سے ہر تعلیمی سال کے لیے پڑھتے تھے۔
- ان سالوں کے لیے اسکول کی رپورٹ/ رپورٹیں جہاں پرانہوں نے آسٹریلیا سے باہر اسکولوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔
- وہ ممالک جن میں وہ پہلے رہ چکے ہیں۔
- وہ ممالک جن کا وہ پہلے دورہ /سفر کر چکے ہیں/تعطیلات گزار چکے ہیں، بشمول اندرون ملک دورے/دوروں کی وجہ/وجوہات اور مدت۔ اس میں صرف وہ ممالک شامل ہیں جہاں بولی جانے والی زبان وہی ہے جس کے لیے وہ درخواست دے رہے ہیں۔
- وہ پہلی زبان / زبانیں جو انہوں نے بولنا سیکھیں۔
- دوسری زبانیں جو وہ بولتے، پڑھتے اور لکھتے ہیں۔
- وہ زبان / زبانیں جو وہ اپنے والدین یا سرپرستوں اور اپنے بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ بولتے ہیں۔
- وہ زبان / زبانیں جو ان کے والدین یا سرپرست بولتے ہیں۔

**معاون دستاویزات**

طالب علم کو اپنی درخواست کے ساتھ اپ لوڈ کرنے کے لیےایک فوٹو گراف یا درج ذیل دستاویزات کے اسکین فراہم کرنے کی ضرورت ہے:

- *والدین/سرپرست* کی جانب سے ایک مکمل کردہ وصولی فارم (لازمی)
- پاسپورٹ کا شناختی صفحہ، اگر وہ کسی دوسرے ملک میں پیدا ہوئے ہیں یا آسٹریلیا سے باہر رہے ہوں۔
- بیرون ملک سے اسکول کی رپورٹ/ رپورٹیں، اگر انہوں نے آسٹریلیا سے باہر اسکولوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔
- بین الاقوامی نقل و حرکت کا ریکارڈ، اگر وہ ایسے ممالک یا جگہوں پر مقیم رہے ہوں یا اکثر سفر کرتے رہے ہوں جہاں بولی جانے والی زبان وہی ہے جس کے لیے وہ درخواست دے رہے ہیں (اگر اتھارٹی کی طرف سے درخواست کی گئی تو)۔

لینگویج ایپلیکیشن دینے کے عمل کے بارے میں مزید معلومات WACE لینگویج ایپلی کیشنز کے ویب صفحہ پر مل سکتی ہیں (https://www.scsa.wa.edu.au/sirs-and-srms-info/srms-information/wace-language-applications)

* اس کا اطلاق سال 9 میں ان ہونہار اور باصلاحیت/زبان جلد سیکھنے والےطلبا پر بھی ہوتا ہے جو سال 10 میں آ جانے پر سال 11 کے لیے زبان کا کورس شروع کرنے کے لیے درخواست دیں گے۔